No. of Printed Pages : 9 **MUD-002**

M.A. (Urdu) (MAUD)

Term-End Examination

June, 2023

MUD-002 : Urdu Ghazal

Time : Three Hours] *[Maximum Marks : 100*

نوٹ:۔ سبھی سوالوں کے جواب دیجیے۔ تمام سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔

۱۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ ۲۰

(الف)

(۱)

یاد کرنا ہر گھڑی اس یار کا
ہے وظیفہ مجھ دل بیمار کا

(۲)

آرزوئے چشمہ کوثر نہیں
تشنہ لب ہوں شربت دیدار کا

(۳)

کیا کہیے تعریف دل، ہے بے نظیر
حرف حرف اس مخزن اسرار کا

(۴)

مسند گل منزل شبنم ہوئی
دیکھ رتبہ دیدۂ بیدار کا

(۵)

اے ولی ہونا سریجن پر نثار
مدعا ہے چشم گوہر بار کا

(ب)

(۱)

اگر کج رو ہیں انجم آسماں تیرا ہے یا میرا

مجھے فکر جہاں کیوں ہو جہاں تیرا ہے یا میرا؟

(۲)

اگر ہنگامہ ہائے شوق سے ہے لامکاں خالی

خطا کس کی ہے یا رب! لامکاں تیرا ہے یا میرا؟

(۳)

اسے صبح ازل انکار کی جرأت ہوئی کیوں کر

مجھے معلوم کیا، وہ رازداں تیرا ہے یا میرا؟

(۴)

محمدؐ بھی ترا، جبریلؑ بھی، قرآن بھی تیرا

مگر یہ حرف شیریں ترجمان تیرا ہے یا میرا؟

(۵)

اسی کوکب کی تابانی سے ہے تیرا جہاں روشن

زوال آدم خاکی زیاں تیرا ہے یا میرا

(یا)

(الف)

(۱)

سینے میں جلن آنکھوں میں طوفان سا کیوں ہے

اس شہر میں ہر شخص پریشان سا کیوں ہے

(۲)

دل ہے تو دھڑکنے کا بہانہ کوئی ڈھونڈے

پتھر کی طرح بے حس و بے جان سا کیوں ہے

(۳)

تنہائی کی یہ کون سی منزل ہے رفیقوں

تا حد نظر ایک بیابان سا کیوں ہے

(۴)

ہم نے تو کوئی بات نکالی نہیں غم کی

وہ زود پشیمان، پشیمان سا کیوں ہے

(ب)

(۱)

یہ آرزو تھی تجھے گل کے رو بہ رو کرتے

ہم اور بلبل بیتاب گفتگو کرتے

(۲)

پیامبر نہ میسر ہوا تو خوب ہوا

زبان غیر سے کیا شرح آرزو کرتے

(۳)

مری طرح سے مہ و مہر بھی ہیں آوارہ

کسی حبیب کی یہ بھی ہیں جستجو کرتے

(۴)

وہ جانِ جاں نہیں آتا تو موت ہی آتی
دل و جگر کو کہاں تک بھلا لہو کرتے

(۵)

نہ پوچھ عالم برگشتہ طالعی آتشؔ
برستی آگ جو باراں کی آرزو کرتے

۲۔ شمالی ہند میں اردو غزل کے ارتقاء پر مفصل بحث کیجیے۔ ۲۰

یا

جگرؔ مرادآبادی کی غزل گوئی کا مدلل جائزہ لیجیے۔

۳۔ ناصر کاظمی کے حالاتِ زندگی پر مختصراً روشنی ڈالتے ہوئے ان کی غزل گوئی کے امتیازات کو مثالوں کے ساتھ واضح کیجیے۔ ۲۰

یا

دکنی غزل کی فنی خصوصیات پر ایک مفصل مضمون تحریر کیجیے۔

۴۔ امام بخش ناسخؔ کی غزل گوئی کا جائزہ لیتے ہوئے ان کی انفرادیت واضح کیجیے۔ ۲۰

یا

مومن خاں مومنؔ کی غزل گوئی پر تبصرہ کرتے ہوئے ان کی شاعرانہ امتیازات کی نشاندہی کیجیے۔

۵۔ دبستان لکھنؤ کے شعری محاسن کی روشنی
میں مصحفیؔ اور انشاؔ کی غزل گوئی پر ایک
مدلل نوٹ لکھیے۔ ۲۰

یا

داغؔ دہلوی کے حالات زندگی کو قلم بند
کرتے ہوئے ان کی غزل گوئی کی
خصوصیات پر اظہار خیال کیجیے۔